ادارہ

مسافرانِ آخرت

☆**خان محمد اشرف خان مرحوم:** خاکسار تحریک کے سابق سربراہ خان محمد اشرف خان گزشتہ ماہ ملتان میں انتقال کر گئے۔مرحوم ایک نظریاتی تحریک سے وابستہ تھے اور عمر بھر وفاء واستقامت کا مظاہرہ کیا۔وہ ایک جری اور بہادر انسان تھے۔ملک میں جاری ہونے والی بہت سی قومی وسیاسی تحریکوں میں حصہ لیا۔تحریک سول نافرمانی ۱۹۷۳ء،تحریک تحفظ ختم نبوت ۱۹۷۴ءتحریک نظامِ مصطفیٰ ۱۹۷۷ءخاص طور پر قابل ذکر ہیں۔متحدہ جمہوری محاذ اور پاکستان قومی اتحاد میں خاکسار تحریک کی بھرپور نمائندگی کی۔قید وبند کی صعوبتیں برداشت کیں مگر اپنے موقف پر قائم رہے۔انہوں نے حاجی محمد سرفراز مرحوم اور امیر حبیب اللہ سعدی مرحوم کی قیادت میں خاکسار تحریک میں بھرپور کردار ادا کیا:

''حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا''

☆**محمد یاسر مرحوم:** ہمارے دیرینہ کرم فرما مولانا نذیر احمد بلوچ (رحیم یار خان) کے جواں سال فرزند گزشتہ ماہ اچانک رحلت کر گئے۔مرحوم ایک ہونہار اور لائق نوجوان تھے۔مولانا نذیر احمد کو پیرانہ سالی میں بیٹے کی جواں مرگی کا جو صدمہ پہنچا ہے،وہ ناقابل تلافی ہے۔اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور مولانا نذیر احمد اور ان کے تمام خاندان کو صبر عطاء فرمائے۔(آمین)

☆**غلام نبی چانڈیہ مرحوم:** مجلس احرار اسلام غازی پور ضلع رحیم یار خان کے قدیم کارکن۔جانشین امیر شریعت حضرت سید ابوذر بخاری رحمہ اللہ سے بیعت تھے۔انتقال ۲۳رفروری ۲۰۰۶ء۔نمازِ جنازہ احرار رہنما مولوی کریم اللہ صاحب نے پڑھائی۔رحیم یار خان کے احرار رہنماؤں مولانا فقیر اللہ رحمانی،حافظ محمد اشرف،جام محمد یعقوب اور عبدالرحیم نیاز نے اظہار تعزیت کیا ہے۔

- ☆ اہلیہ مرحومہ صوفی عبدالستار مرحوم (ملتان۔۲۴رمارچ)
- ☆ محمد اسماعیل مرحوم (محمد سرور صاحب سٹینڈرڈ بیکری ملتان کے برادرِ نسبتی۔۲۳رمارچ)
- ☆ چودھری نورالدین مرحوم (ڈیرہ اسماعیل خان) کی بیوہ۔انتقال:مدینہ منورہ۔۱۲رمحرم ۱۴۲۷ھ۔۱۱فروری ۲۰۰۶ء
- ☆ محمد اسماعیل زرگر مرحوم (کوٹ چھٹہ،ڈیرہ غازی خان) ۱۴رمارچ ۲۰۰۶ء
- ☆ محمد یوسف بھٹی مرحوم (جھنگ)
- ☆ ملتان کے کارکن محترم عبدالحکیم کی نانی مرحومہ (۲صفر ۱۴۲۷ھ۔۳مارچ ۲۰۰۶ء۔جمعۃ المبارک)

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔(آمین)

قارئین سے دعاء مغفرت اور ایصالِ ثواب کے اہتمام کی درخواست ہے۔ (ادارہ)